اداریہ

انقلابات کی دنیا میں قومی و بین الاقوامی فکر دو طرح سے اثر انداز ہوتی ہے ایک تو انقلابات کے لئے بنیادیں فراہم کر کے پیش خیمہ ثابت ہونا اور دوسرے بدلتے حالات میں ہمہ جہت علمی و فکری رہنمائی فراہم کرنا۔ علومِ اسلامیہ کی ان دونوں حیثیات سے بنیادی اہمیت ہے۔ پاکستان کے اس فکری و علمی ماحول میں کم تر سہی، لیکن ایک کردار علومِ اسلامیہ کے مجلّہ ھذا ''القلم'' کا بھی ہے۔ جس کا ''تازہ'' شمارہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ متنوع موضوعات کا احاطہ کئے ہوئے یہ سہ لسانی گلدستہ بحمداللہ علمی و تحقیقی حلقوں میں اپنی ایک پہچان حاصل کرتا جا رہا ہے۔ ''القلم'' کی ٹیم سال میں دو شمارے لانے کے لئے سال بھر محنت کرتی ہے لیکن ''ناگزیر انتظامی و عملی مسائل'' کسی نہ کسی طور پر اس کی ''تاخیر'' کا باعث بن ہی جاتے ہیں۔ کوشش ہوگی کہ آئندہ معیار اور بروقت لانے کو یقینی بنایا جا سکے۔

وما توفیقی الا باللہ.

(مدیر)